ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

ٹکرز برائے الیکٹرانک میڈیا

کراچی19جولائی2022؛۔

- کراچی اور حیدرآباد کے لیئے بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ اور قومی اسمبلی کے حلقہ NA-245 کے ضمنی الیکشن کے موقع پر سیکیورٹی اقدامات کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس۔
- سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کی۔
- آر آر ایف ،سی ٹی ڈی ،اسپیشل برانچ بطور اضافی نفری فراہم کی جائے۔ آئی جی سندھ
- لوکل باڈیز اور ضمنی الیکشن کے موقع پر سرویلینس اور بروقت ایکشن پر خصوصی فوکس رکھا جائے۔ آئی جی سندھ

اسپیشل برانچ کو ہدایت:۔

- ممکنہ حساس پولنگ اسٹیشن کے اطراف کے ایریاز میں کڑی نگرانی،ریکی اور خفیہ سراغ رسانی/ایڈوانس انٹیلی جینس کلیکشن کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔
- دونوں مرکزی شہروں کی پولیس بین الاضلاعی سطح پر باہم روابط کے ساتھ ساتھ قانون نافذ کرنیوالےدیگر اداروں/ایجینسیوں سے بھی مربوط روابط کو ممکن بنائیں۔ آئی جی سندھ
- کسی بھی حوالے سے معلومات کی بروقت تصدیق اور فالو کرنیکے عمل کو انتہائی ٹھوس اور مربوط بنایا جائے۔ غلام نبی میمن
- پولنگ اسٹیشن پر شہریوں،پولنگ اسٹاف اور دیگر اسٹاف کی سیکیورٹی کی ذمہ داریاں متعلقہ ایس ایچ اوز اپنی نگرانی میں یقینی بنائیں گے۔ آئی جی سندھ
- علاقوں میں ہنگامہ آرائی یا ناخوشگوار واقعات کے حوالے سے ممکنہ افواہوں کے سدباب کو متعلقہ پولیس بہترین حکمت عملی اور لائحہ عمل سے یقینی بنائیگی۔ غلام نبی میمن
- پیٹرولنگ کے عمل کو پولنگ اسٹیشن کے اطراف اور قریبی علاقوں میں مذید غیرمعمولی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ
- کیوآرایف/ریزرو پلاٹونز کو بھی تیار حالت میں رکھا جائے۔ آئی جی سندھ
- دستیاب افرادی قوت اور وسائل کے بہترین استعمال سے لوکل باڈیز اور ضمنی الیکشن کے جملہ امور کو کامیاب اور پرامن بنایا جائے۔ آئی جی سندھ
- الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمدی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ غلام نبی میمن
- ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کے ضمن میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے۔ آئی جی سندھ
- ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو ،ڈی آئی جی حیدرآباد نے اجلاس میں بریفنگ دی۔
- لوکل باڈیز/ضمنی الیکشن کنٹی جینسی پلان اور آئی جی سندھ کی رہنما ہدایات پر اسکی روح کے مطابق عمل درآمد کرانیکی یقین دہانی۔
- دستیاب اور درکار افرادی قوت کے بارے میں بھی آئی جی سندھ کو بتایا گیا۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-